3. If any body troubles you, will you inform your elders? Yes/ No

Different people in the family have different qualities. Sometimes when we are angry, we may hurt others with our words. But this does not help to solve the problem. We may instead tell the person why we are angry. We may explain the situation or behaviour which we did not like. We may suggest a way out that does not hurt either of us.



**Write one quality that you like in your family members.**

| Relation | Quality |
|---|---|
| Mother | Courageous |
| Father | Caring |
| | |
| | |
| | |

## Family History:

Rama's father brought her to school for admission. He wrote her name as 'Chilukuru Rama.' On seeing this, the headmaster asked, “How did you get Chilukuru as your 'surname'”? “Our ancestors belonged to Chilukuru, that’s how we got our surname,” replied Rama's father.

S.C.E.R.T. TELANGANA





عام طور پر خاندان کے بچوں میں، ماں باپ، نانا، نانی، دادا، دادی، پھوپی، ماموں کی شباہت پائی جاتی ہے اور بعض میں کسی بھی افراد خاندان کی شباہت نہیں پائی جاتی۔ لہٰذا ہم اپنی جسمانی ساخت کو (جیسا ہے ویسا) قبول کریں اور اس کا تحفظ کریں۔



صحیح جواب پر (✓) نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | اگر کوئی نامعلوم شخص آپ کو مٹھائی دیتا ہے تو کیا آپ قبول کریں گے؟ | (ہاں/نہیں) |
| 2۔ | کیا آپ ایک نامعلوم شخص کے ساتھ جائیں گے؟ | (ہاں/نہیں) |
| 3۔ | اگر آپ کو کوئی پریشان کر رہا ہے تو کیا آپ کسی بڑے کو اس بارے میں بتائیں گے؟ | (ہاں/نہیں) |

خاندان کے مختلف لوگوں میں مختلف خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ بعض اوقات جب ہم غصے میں ہوتے ہیں، ہم اپنے الفاظ سے دوسروں کو تکلیف پہنچا سکتے ہیں مگر اس سے ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوتا بجائے اِس کے ہم اس فرد سے کہیں کہ ہمارے غصہ ہونے کی وجہ کیا ہے۔ وہ رویے اور حالات جو ہم پسند نہیں کرتے ان کے بارے میں وضاحت کر سکتے ہیں۔ بجائے اس کے ہم ایسا راستہ اختیار کر سکتے ہیں جو دونوں فریقین کے لئے تکلیف کا باعث نہ ہو۔



کوئی ایک ایسی خوبی لکھیئے جو آپ کو اپنے افراد خاندان میں پسند ہو۔

| رشتہ | خاصیت |
|---|---|
| ماں | باہمت |
| باپ | دیکھ بھال کرنے والے |
| | |
| | |
| | |

**خاندانی پس منظر :**

عافیہ کے والد اُسے اسکول میں شریک کرواتے وقت اُس کا نام عافیہ نرملی درج کروایا۔ صدر مدرس نے عافیہ کے والد سے پوچھا عافیہ کے نام کے ساتھ ''نرملی'' کیوں جڑا ہے؟ تو عافیہ کے والد نے جواب دیا ہمارے آبا و اجداد شہر نرمل سے یہاں منتقل ہوئے تھے اس لئے یہ نام رکھا گیا ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA




Rama's grandfather helps all the villagers in their difficulties. So, everyone respects him. The whole family has a good name due to his good deeds. Rama's father is a cloth merchant. He is well known in the surrounding villages for selling the best clothes. Now you know about Rama's surname and history of her family!

Ask your elders and know more about your family's history.

Find out and discuss how your friends got their surnames.



## Types of families




SCERT TELANGANA


عافیہ کے دادا گاؤں میں رہنے والے سبھی افراد کی مشکل اوقات میں اکثر مدد کرتے رہتے ہیں۔اسی لئے سب ان کی عزت کرتے ہیں ان کے اچھے کام کی وجہہ سے ہمارے خاندان کو اچھا نام حاصل ہوا۔عافیہ کے والد کپڑوں کی تجارت کرتے ہیں انھیں بھی اطراف واکناف کے دیہاتوں میں اچھے تاجر کے طور پر جانا جاتا ہے۔اب آپ عافیہ کے خاندانی نام دادا، والد کے خاندان کا پس منظر جان چکے ہو!

اپنے خاندانی پس منظر سے متعلق اپنے بڑوں سے گفتگو کر کے معلومات حاصل کیجئے۔

اور اپنی جماعت میں موجود بچوں کے خاندانی نام کس بنا پر رکھے گئے معلوم کیجئے۔



## خاندان کے اقسام :








SCERT TELANGANA




**You have seen the pictures!**

- Which family has the highest number of members and which family has the least?
- Which families have old people?
- What type of family do David, Haseena and Siva belong to?
- What type of family is yours?
- What type of families do you know?
- How do you call your relatives? How are each related to other in your family? Say and write.

S.C.E.R.T. TELANGANA



**میرا نام شیوا ہے میرے والدین' دادا۔ دادی' تایا۔ تائی' چاچا۔ چاچی، بہنیں اور بھائی سب مل کر ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔**

مندرجہ بالا تصویر کا مشاہدہ کیجیے۔

☆ آپ نے تصویریں دیکھی ہیں۔ بتائیے کس کے خاندان میں زیادہ افراد رہتے ہیں؟ کس خاندان میں کم افراد رہتے ہیں؟

☆ کس کے گھر میں ضعیف افراد رہتے ہیں؟

☆ ڈیوڈ' حسینہ اور شیوا، ان تینوں کے خاندان میں کیا فرق ہے؟

☆ تو پھر آپ کا خاندان کس قسم کا ہے؟

☆ خاندانوں کے اقسام جو آپ جانتے ہیں وہ کونسے ہیں؟

☆ آپ اپنے رشتہ داروں کو کس طرح مخاطب کرتے ہیں؟ آپ کے رشتہ داروں کا تعلق آپ کے خاندان کے ساتھ کیسا ہے۔ کہئے اور لکھئے۔؟




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23
S.C.E.R.T. TELANGANA



Let's play!



- All children must stand in a circle.
- Now one of the child's eyes must be covered with a hand kerchief.
- The student who is blindfolded should try to touch and identify the person caught.
- Untie the hand kerchief if the student identifies them correctly.
- In the same way, all students should take turns and cover their eyes and continue playing.
- Did the students identify everyone when they were blindfolded? Why?

**Do You Know?**



The visually challenged (blind) use Braillescript to read.

This script was invented by Louis Braille.



## Old People and Children with special needs

The students in the above game could not identify everyone when they were blind folded. Think ... how difficult it is for visually disabled to attend their daily work? In the same way, some people

S.C.E.R.T. TELANGANA



# آؤ کھیلیں



☆ تمام طلبہ دائرے میں کھڑے ہو جائیں۔

☆ کسی ایک طالب علم کی آنکھوں پر پٹی باندھیں۔

☆ جس کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی ہے وہ دیگر تمام بچوں کو ایک کے بعد ایک چھو کر اُن کی شناخت کرے۔

☆ صحیح شناخت کر پانے پر آنکھ سے پٹی کھول دیں۔

☆ اس طرح فرداً فرداً آنکھ پر پٹی باندھتے ہوئے کھیل جاری رکھیں۔

☆ آنکھوں پر پٹی باندھنے سے کیا سب کی شناخت ہو پاتی ہے یا نہیں، کیوں؟

**کیا آپ جانتے ہیں ؟**



اندھے لوگ پڑھنے کے لئے بریل رسم الخط کا استعمال کرتے ہیں
اس رسم الخط کے موجد لوئس بریل ہیں



## ضعیف لوگ اور خصوصی مراعات کے مستحق بچے :

مندرجہ بالا کھیل میں جن بچوں کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی تھی وہ بچے سب کی شناخت نہیں کر پائے غور کیجئے! جن کی بینائی ہی نہیں ہوتی وہ روزمرہ کے اپنے کام کیسے انجام دیتے ہیں۔ اسی طرح چند لوگوں کو

S.C.E.R.T. TELANGANA





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

Cannot hear or speak properly. Some people can't walk. What difficulties do these people face? What kind of help do they require? Think and answer.

Observe the picture given below :



- Do you find any children with special needs in the picture?
- What difficulties do they face in doing their day-to-day work?
- How should they be helped and supported?
- Have you ever helped such people? If so, howdid you help them?

**Every year 3rd December is celebrated as International day of Person with Disabilities**

We must care for the children with special needs and help them in whatever they need. The people who have difficulty in speaking use signs to talk to each other. The people suffering from hearing problem use hearing aids, People who are visually disabled use a stick to touch and sense the things. Similarly, some people cannot work due to ill health or accidents. We should help them as needed.

In the same way, old people cannot do everything by themselves. We should be aware of their needs and help them.

### Do You Know?



The 1st day of October every year is celebrated as the 'Senior Citizen's Day'.

S.C.E.R.T. TELANGANA

صحیح طور پر سنائی نہیں دیتا۔بعض بچے صحیح طور پر بات نہیں کر سکتے۔بعض آسانی سے چل نہیں سکتے۔بعض دیکھ نہیں سکتے۔اس طرح کے افراد کو کس طرح کی تکلیفیں پیش آتی ہوں گی۔ایسے افراد کی مدد کس طرح کی جائے۔غور کیجئے۔کہیے :

## ذیل کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے ۔



☆ کیا آپ کو اِس تصویر میں کوئی خصوصی مراعات کے مستحق بچے نظر آتے ہیں؟

☆ انہیں اپنے روزمرہ کے کام انجام دینے میں کیا تکالیف پیش آتی ہیں؟

☆ ہمیں ان کی مدد کس طرح کرنی چاہئے ؟

☆ کیا آپ نے کبھی ایسے افراد کی مدد کی ہے؟ اگر ہاں! تب آپ نے ان کی مدد کس طرح کی؟

ہر سال 3 / ڈسمبر کو دنیا بھر میں ''عالمی یوم معذورین'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں ؟



ہر سال اکٹوبر کی پہلی تاریخ کو دُنیا بھر میں 'یوم معمرین' منایا جاتا ہے

ہمیں خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے۔انہیں جس چیز کی ضرورت ہو مدد فراہم کرنا چاہیے۔گونگے افراد اپنی گفتگو اشاروں سے کرتے ہیں۔ بہرے افراد کانوں میں آلہ رکھ کر اندھے افراد ہاتھوں میں لاٹھی لے کر چھو کر یا اپنی حس کے ذریعہ معلومات حاصل کرتے ہیں۔اُسی طرح چند افراد بھی بیماری یا حادثوں کی وجہ سے کام نہیں کر سکتے۔اگر انہیں ہماری مدد کی ضرورت ہو تو ان کی مدد کرنا چاہیے۔

اِسی طرح بعض بچے صحت کی خرابی یا حادثات سے دوچار ہونے کی وجہ سے از خود اپنے کام نہیں کر سکتے۔ایسے افراد کے لئے ہم کو ضروری مدد فراہم کرنی چاہئے۔

SCERT. TELANGANA



## Key words

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | family | 2. | family members | 3. | similarities |
| 4. | family tree | 5. | Braille script | 6. | family History |
| 7. | surname | 8 | Senior Citizens Day | 9. | old people |
| 10. | ancestors | 11. | relatives | 12. | Children with Special Needs |

## What have we learnt

- Normally, a family has parents, grandparents and children.
- The people who live together in a family are called members of the family.
- The details of parents, grandparents and their ancestors shown in a line diagram is called a Family Tree.
- Usually children resemble their parents and relatives.
- The faces of all people do not look alike.
- We are special because of the qualities and skills we have.
- Every family has a history. This is called 'family history.'
- The families are small, joint or nuclear based on the number of members.
- We should offer help to individuals with special needs.

S.C.E.R.T. TELANGANA



## DO THESE

E6N9N4

### Conceptual Understanding

1. What is a family? Who are there in your family?

2. Chandu lives in Annavaram. He is in 3rd standard. His mother Kamala runs a small scale industry of making paper bags at home and also helps other women in need. Aditya is Chandu's younger brother. Both visited their uncle Raghava's house during holidays. Their aunt Usha, grandfather Gopal and grandmother Lakshmi Devi live there. Chandu played many games with his cousins Hema and Ravi.

| Name | Relation with Chandu |
|---|---|
| Aditya | .............................. |
| Kamala | .............................. |
| Lakshmi Devi | .............................. |
| Raghava | .............................. |
| Usha | .............................. |
| Ravi | .............................. |







## کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ خاندان | 2۔ افرادخاندان | 3۔ مشابہت |
| 4۔ خاندانی شجرہ | 5۔ بریل رسم الخط | 6۔ خاندانی پس منظر |
| 7۔ خاندانی نام | 8۔ یوم معمرین | 9۔ ضعیف افراد |
| 10۔ آباواجداد | 11۔ رشتہ دار | 12۔ خصوصی مراعات کے مستحق بچے |

### ہم نے کیا سیکھا

☆ عام طور پر خاندان میں ماں باپ دادادادی اور بچے ہوتے ہیں۔
☆ اسی طرح ایک خاندان میں مل کر رہنے والوں کو افرادِ خاندان کہتے ہیں۔
☆ ماں باپ، دادادادی اُن کے آباواجداد کی تفصیلات خاندانی شجرے میں کے ذریعہ ظاہر کی جاتی ہے۔
☆ خصوصی طور پر ہماری شناخت ہماری مہارتوں اور برتاؤ سے ہوتی ہے۔
☆ عام طور پر بچوں میں اپنے ماں باپ اور رشتہ داروں کی شباہت پائی جاتی ہے۔
☆ سب کے چہرے ایک جیسے نہیں ہوتے۔
☆ ہر خاندان کا ایک پس منظر ہوتا ہے، جسے خاندانی پس منظر کہتے ہیں۔
☆ افراد کی تعداد پر انحصار کرتے ہوئے خاندان چھوٹے، بڑے یا مشترکہ ہوتے ہیں۔
☆ ضعیف اور خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کو درکار مدد فراہم کرنا چاہیئے۔

### یہ کیجئے :



تصورات کی تفہیم :

1 خاندان سے کیا مراد ہے؟ آپ کے خاندان میں کون کون ہیں۔

2 عباس عادل آباد میں رہتا ہے۔ وہ جماعت سوم کا طالب علم ہے۔ اس کی والدہ جمیلہ گھر میں ہی رہ کر کاغذ کی تھیلیاں بنانے کا کام کرتی ہے اور دوسری عورتوں کی مدد کرتی ہے۔ عباس اور اس کا چھوٹا بھائی انس دونوں مل کر چھٹیوں میں اپنے ماموں امجد کے گھر گئے جہاں خالہ رضیہ، نانا اِسمٰعیل، نانی حمیدہ رہتے ہیں۔ عباس نے اپنی ماموں زاد بہن شازیہ اور بھائی واجد کے ساتھ مل کر کئی کھیل کھیلے۔

| نام | عباس سے رشتہ |
|---|---|
| انس | |
| جمیلہ | |
| حمیدہ | |
| امجد | |
| رضیہ | |
| واجد | |



S.C.E.R.T. TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

3. What is your surname? Find out, how did you get it ?

4. How can we help the following children with special needs

a) People who cannot see :

b) People who cannot hear :

c) People who cannot speak :

d) People who cannot walk :



## Information Skills - Project work

1. Fill in the table with the details of your friends, family members.

| Name of the friend | Members of the family | No. of family members |
|---|---|---|
| 1. Ex: Murali | mother, father, grandfather, younger sister, eder sister, Murali | 6 |
| 2. | | |
| 3. | | |
| 4. | | |
| 5. | | |
| 6. | | |
| 7. | | |
| 8. | | |
| 9. | | |

Observe the above table and answer the following :

- Whose family has the maximum number of members?
- Whose family has the minimum number of members?
- Whose families have old people?

2. Collect photographs of the members of your family. Make your own album and exhibit it in your class. Describe each of them.

S.C.E.R.T. TELANGANA





3 آپ کا خاندانی نام کیا ہے؟ معلوم کیجیے کہ یہ نام کیوں رکھا گیا ہے؟

4 ذیل میں دیئے گئے خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کی مدد ہم کس طرح کر سکتے ہیں؟

(الف) وہ افراد جو دیکھ نہیں سکتے

(ب) وہ افراد جو سن نہیں سکتے

(ج) وہ افراد جو بول نہیں سکتے

(د) وہ افراد جو چل نہیں سکتے



## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام

1 آپ کے دوستوں کے گھروں میں کون کون رہتے ہیں معلوم کیجیے اور ذیل کے جدول کی خانہ پری کیجیے۔

| دوست کا نام | افراد خاندان | افراد خاندان کی تعداد |
|---|---|---|
| مثال : 1.عامر | ماں، باپ، دادا، چھوٹی بہن، بڑی بہن، عامر | 6 |
| .2 | | |
| .3 | | |
| .4 | | |
| .5 | | |
| .6 | | |
| .7 | | |
| .8 | | |
| .9 | | |

مندرجہ بالا جدول پُر کرنے کے بعد درجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

- کس کے گھر میں زیادہ افراد رہتے ہیں ؟
- کس کے گھر میں کم افراد رہتے ہیں؟
- کس کے گھر میں ضعیف لوگ رہتے ہیں؟

.2 آپ کے خاندانی شجرہ میں موجود افراد کی تصاویر اکٹھا کر کے البم تیار کیجیے۔ اُسے اپنی جماعت میں آویزاں کر کے ہر فرد کے متعلق بتایئے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA



## Draw and colour the pictures

1. Draw different faces showing different feelings.

2. Draw the picture of your parents. Name and colour it.



## Appreciation, Values, Application

1. Imagine living a day blind folding yourself. How would you go to school? Learn and play with friends. Write briefly.
2. Collect the information about your family's history and achievements and write them.



## Ask a Question

1. Rama went to her grandfather. She wanted to know about their Family Tree. She asked her grandfather many questions about her family. What questions would have Rama asked? What her grandfather would have replied? What questions would you ask to know about your surname?



## I can do these



| | | |
|---|---|---|
| 1. | I can explain what a family is. | Yes/No |
| 2. | I can tell the relationship among members of the family . | Yes/No |
| 3 | I can draw a family tree. | |
| | I can tell about family history. | Yes/No |
| 4. | I can write the details of the members of the family in a tabular form. | Yes/No |
| 5. | I can help the old and children with special needs as per their need. | Yes/No |
| 6. | I can question about the family tree and family history. | Yes/No |

S.C.E.R.T. TELANGANA







## تصویر اُتار کر رنگ بھریئے ۔

1 الگ الگ احساسات کو ظاہر کرنے والے مختلف چہرے اتاریے۔

2 اپنے والدین کی تصویر اتاریے، ان کے نام لکھیے اور رنگ بھریے۔



## توصیف :

1 اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ کر ایک دن گزارنے کا تصور کیجیے۔ آپ اسکول کیسے جائیں گے۔ سیکھیے اور اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلئے، اس بارے میں لکھیے۔

2 آپ کے خاندان کی تاریخ، انکی کامیابیوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کیجیے اور انہیں لکھیے ۔



## سوال کیجئے ۔

1 فرحین اپنے دادا کے ہاں گئی۔ وہ چاہتی تھی کہ اپنے خاندانی شجرے کے بارے میں جاننے، اس کے لیے اُس نے دادا سے مختلف سوال کیے۔ فرحین نے خاندانی شجرے سے متعلق کیا سوال کیے ہونگے ؟ اُس کے دادا نے کیا جواب دیئے ہونگے ؟ اگر آپ کو اپنا خاندانی نام معلوم کرنا ہو تو کس طرح کے سوالات پوچھیں گے؟





## میں یہ کرسکتا / کرسکتی ہوں؟

| | | |
|---|---|---|
| 1 | میں خاندان کسے کہتے ہیں وضاحت کرسکتا / کرسکتی ہوں | ہاں/نہیں |
| 2 | میں افراد خاندان کے درمیان رشتہ بتلاسکتا/ بتلاسکتی ہوں | ہاں/نہیں |
| 3 | میں خاندانی شجرہ اُتار سکتا ہوں خاندانی تاریخ بیان کرسکتا / کرسکتی ہوں | ہاں/نہیں |
| 4 | میں افراد خاندان سے متعلق معلومات جدول میں لکھ سکتا / لکھ سکتی ہوں | ہاں/نہیں |
| 5 | میں ضعیف، خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کیلئے درکار مدد کرسکتا / کرسکتی ہوں | ہاں/نہیں |
| 6 | میں خاندانی پس منظر، خاندانی شجرے سے متعلق سوالات کرسکتا / کرسکتی ہوں | ہاں/نہیں |

S.C.E.R.T. TELANGANA





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

# 2. DIVISION OF WORK



This is Kamala’s house. Kamala’s parents, grandparents and her younger brother live in their house. Observe the picture given below and say what they are doing:

Y1C5N8



S.C.E.R.T. TELANGANA

Kamala's mother and father help each other in the household work. Kamala and her brother help their parents. Kamala's grandparents involve themselves in the work done at home. In this way, all the members of the family help each other to run the house.

# 2- کام کی تقسیم.



یہ کملا کا مکان ہے کملا کے مکان میں اُس کے والدین، دادا دادی اور بھائی رہتے ہیں۔ نیچے دی گئی تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور بتائیے کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔



S.C.E.R.T. TELANGANA

کملا کے والدین گھر کے کام میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں کملا اور اس کا بھائی بھی اپنے والدین کے کام میں مدد کرتے ہیں۔ کملا کے دادا، دادی گھر کے کاموں میں خود کو بھی شامل کرتے ہیں۔ اس طرح گھر کے کام کاج میں تمام لوگ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

Besides working at home, the elders in the family carry out different kinds of works i.e., in agricultural fields, factories, offices, construction of houses, laying of roads etc. The family gets income through the various works done by them.



Fill in the following table with the kind of work done by the members of your family.

| Name of the member | Work done at home | Work done outside for income |
|---|---|---|
| | | |



## Helping each other

You have learnt that the members in the family do different kinds of work. Each adult in the family does a different kind of work. Some work is shared by all.

**Observe the pictures given below and say what work the people are doing.**





- In the picture, both men and women are working. Is it correct for the father to cook?
- Do the members in your family help each other in the same way in doing things?
- What kind of work do you do? Whom do you help?
- Name the works that are done by the members together in your family.

خاندان میں بڑے لوگ گھر کے کاموں کے علاوہ دیگر کام بھی انجام دیتے ہیں۔ جیسے کھیتوں٬ صنعتوں٬ دفتروں، مکان کی تعمیر اورسڑکیں بنانا وغیرہ جیسے مختلف کاموں کی انجام دہی سے خاندان کو آمدنی حاصل ہوتی ہے۔



آپ کے گھر کے افراد کون کون سے کام کرتے ہیں ذیل کے جدول میں لکھئے۔

| افرادخاندان کے نام | گھر میں کئے جانے والے کام | آمدنی کیلئے کئے جانے والے باہر کے کام |
|---|---|---|
| | | |



## ایک دوسرے کی مدد کرنا :

آپ نے جانا کہ خاندان کے افراد مختلف کام کرتے ہیں۔ خاندان کا ہر فرد مختلف کام کرتا ہے۔

بعض کام تمام افرادخاندان مل جل کر انجام دیتے ہیں۔

ذیل کی تصویر دیکھیے ۔ اور بتایئے کہ کون کیا کام کررہے ہیں۔





☆ تصویر میں آپ نے دیکھا کہ، مرد اور خاتون دونوں کام کررہے ہیں۔ کیا والد کا گھر میں کھانا بنانا صحیح ہے؟

☆ کیا آپ کے خاندان میں بھی اسی طرح لوگ ایک دوسرے کے کام میں مدد کرتے ہیں؟

☆ آپ کون کون سے کام کرتے ہیں؟ اور کس کی مدد کرتے ہیں؟

☆ وہ کون سے کام ہیں جو آپ کے خاندان میں سبھی افرادمل کر انجام دیتے ہیں؟

SCERT. TELANGANA



**Discuss: Fill the table with the particulars.**

Ask any six of your classmates about the kind of work their parents do? What work is done by them collectively ? Fill the table with the information collected.

| Name of the friend | Work done by the mother | Work done by the father | Work done collectively |
|---|---|---|---|
| 1. | | | |
| 2. | | | |
| 3. | | | |
| 4. | | | |
| 5. | | | |
| 6. | | | |

- What kind of works are done by most of the mothers?

.............................................................................................................

.............................................................................................................

- What kind of works are done by most of the fathers?

.............................................................................................................

.............................................................................................................

- What kind of works are done by all the members together?

.............................................................................................................

.............................................................................................................

All the members of the family should share and work together. Helping each other, makes the work easy and helps to understand one another.



## Professions

Our needs are fulfilled through the work done by our parents and other members of the family. Like our family, there would be people in the village doing different kinds of work. Do you know about them?

S.C.E.R.T. TELANGANA







**مباحثہ کیجئے :** تفصیلات کے ذریعہ جدول کو پر کیجئے۔

اپنی جماعت کے کوئی چھ (6) طلبہ سے پوچھئے کہ۔اُن کے والدین کون کون سے کام کرتے ہیں؟ سب مل کر کرنے والے کام کونسے ہیں؟ اکٹھا کی گئی معلومات کو جدول میں لکھئے۔

| دوست کا نام | ان کے والدہ کے ذریعہ کیا جانے والا کام | اُن کے والد کے ذریعہ کیا جانے والا کام | تمام افراد خاندان مل کر کیا جانے والا کام |
|---|---|---|---|
| .1 | | | |
| .2 | | | |
| .3 | | | |
| .4 | | | |
| .5 | | | |
| .6 | | | |

☆ اکثر مائیں کس طرح کے کام کرتی ہیں؟

-----------------------------------------

-----------------------------------------

☆ اکثر والد کس طرح کے کام کرتے ہیں ؟

-----------------------------------------

-----------------------------------------

☆ خاندان کے تمام افراد مل کر کئے جانے والے کام کون سے ہیں ؟

-----------------------------------------

-----------------------------------------

خاندان کے سبھی افراد کو مل جل کر کام کرنا چاہئے۔اس طرح ایک دوسرے کی مدد سے کام آسان ہوجاتا ہے اور ایک دوسرے کو سمجھنے بھی لگتے ہیں۔



**پیشے :**

خاندان کے دیگر افراد اور ماں، باپ کام کرنے سے ہماری ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے۔
اپنے گھر کی طرح گاؤں میں بھی مختلف کام کرنے والے رہتے ہیں۔
کیا آپ اُن کے متعلق جانتے ہیں؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

Observe the pictures of people doing different kinds of work in a village. Say, how are people benefitted by them.





This is Sammakka.
She weaves baskets.

This is Venkanna.
He mends shoes.






This is Komaraiah. He cuts hair.

This is Shankaraiah.
He does wood work.

- Are there such people in your village / city?
- What are the other kinds of work done by the people of your village/city?





**Discuss:**

There would be people doing different kinds of work in your village. Rajaiah sweeps the roads and cleans the drains of the village. Who else would be there in the village doing different kinds of work like him? What would happen if they don't do this kind of work?

S.C.E.R.T. TELANGANA





گاؤں میں مختلف قسم کے کام کرنے والوں کی تصویروں کا مشاہدہ کیجئے۔ بتائیے کہ لوگوں کو اُن سے کس طرح کے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔



یہ سمکّا ہے، یہ ٹوکری بُنتی ہے۔



یہ وینکنا ہے، یہ جوتے ٹھیک کرتا ہے



یہ کومریّا ہے۔ یہ حجامت کرتا ہے



یہ شنکریّا ہے۔ یہ بڑھئی کا کام کرتا ہے

☆ کیا آپ کے گاؤں/شہر میں بھی اس طرح کے کام کرنے والے افراد موجود ہیں ؟

☆ آپ کے گاؤں/شہر کے افراد اور کون کون سے کام انجام دیتے ہیں ؟



## مباحثہ کیجئے :



آپ کے بھی گاؤں میں مختلف کام کرنے والے افراد ہوں گے! راجیّا سڑک جھاڑنا، نالی صاف کرنا، جیسے کام انجام دیتا ہے۔

اُس کی طرح گاؤں میں اور کون کون سے افراد ہیں جو مختلف کام کرتے ہیں؟

اگر وہ یہ کام انجام نہ دیں تو کیا ہوگا ؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

All works are equally important. The work that involves skill to get income is called 'profession'. We need all professions for the development of our society. Therefore, we should respect all professions.



### Working Children :



This is Kamala. She loves going to school. But now, she is not going to school and she looks after her younger sister at home. Kamala's father is a farmer and her mother a labourer. She stays at home all the day doing the household work. Whenever she finds spare time, she takes out her books and reads. She feels like going to school whenever she looks at the other children who go to school.

> What is the loss when children go to work leaving the school?
> What should we do when we find children who do not go to school?

Education is children's right. So, all children should go to school every day. Parents should enroll their children in schools.

### Key words

1. work done at home
2. work done outside
3. helping each other
4. working together
5. income
6. professions
7. needs
8. All children should go to school
9. Child Labour

### What have we learnt

- The members of a family do different kinds of work in and outside the house.
- The members of a family should work together.
- The family gets income by the different kinds of work done by the elders.
- Children should help the elders in the house hold work.
- All professions should be respected.
- People in village practice different professions.
- The right place of children is in the school and not the work place. All children should go to school.

S.C.E.R.T. TELANGANA





ہر پیشہ اپنی جگہ اہمیت رکھتا ہے۔ وہ کام، جس میں مہارت شامل ہو اور جس سے آمدنی حاصل ہوتی ہے "پیشہ" کہلاتا ہے۔ سماج کی ترقی کے لیے ہمیں تمام پیشہ ور افراد کی ضرورت ہوتی ہے اسی لیے تمام پیشہ ور افراد کو عزت کی نگاہ سے دیکھنا چاہئے۔



## کام کرنے والے بچے



یہ لڑکی نوری ہے۔ نوری کو اسکول جانا بہت پسند ہے۔ مگر وہ اب اسکول نہیں جاتی اور وہ گھر پر رہ کر اپنی چھوٹی بہن کو سنبھالتی ہے۔ نوری کے والد کسان ہیں اور ماں مزدوری کرتی ہے۔ نوری سارا دن گھر پر رہتے ہوئے گھر کا کام کرتی ہے۔ فرصت کے اوقات میں اپنی کتابیں نکال کر پڑھتی ہے۔ وہ اسکول سے واپس ہونے والے بچوں کو جب دیکھتی ہے تو اس کا دل چاہتا ہے کہ خود بھی اسکول جائے۔

اگر بچے اسکول نہ جاتے ہوئے کام پر جائیں تو کیا نقصانات ہوں گے؟
اگر ایسے بچے نظر آئیں جو اسکول نہ جاتے ہوں تو ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

تعلیم بچوں کا حق ہے۔ لہٰذا تمام بچے روز آنہ اسکول جانا چاہئے اور والدین کو چاہئے کہ وہ بچوں کو اسکول میں شریک کروائیں۔

## کلیدی الفاظ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | گھر کے کام | 2. | باہر کے کام | 3. | امداد باہمی |
| 4. | مل کر کئے جانے والے کام | 5. | آمدنی | 6. | پیشے |
| 7. | ضروریات | 8. | تمام بچے اسکول جائیں | 9. | بچہ مزدور |

### ہم نے کیا سیکھا

- ☆ گھر کے افراد گھر پر اور باہر مختلف کام انجام دیتے ہیں۔
- ☆ افراد خاندان کو مل جل کر کام کرنا چاہئے۔
- ☆ گھر کے بڑے افراد مختلف کام کرتے ہیں جس کی وجہ سے خاندان کو آمدنی حاصل ہوتی ہے۔
- ☆ گھر کے کام میں بچوں کو بڑوں کی مدد کرنی چاہئے۔
- ☆ تمام پیشوں کا احترام کرنا چاہئے۔
- ☆ گاؤں میں مختلف کام انجام دینے والے افراد رہتے ہیں۔
- ☆ بچوں کا صحیح مقام اسکول ہے نہ کہ کام کی جگہ۔ تمام بچوں کو اسکول میں تعلیم حاصل کرنا چاہیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA




یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

## DO THESE



### Conceptual Understanding

Z5P1T9

1. Why do elders of the family work?
2. Write two examples of the work done by the members of a family working together.
3. Encircle '◯' the occupation which gives income to people.

| | | |
|---|---|---|
| Cooking | Weaving baskets | Sweeping house |
| Making pots | Washing clothes | Teaching |
| Cleaning dishes | Selling fruits | Doing agricultural work |
| Playing games | Studying | Stitching clothes |
| Bathing | Having meals | Selling milk |

4. What are the different types of work done by the people in your village ?
5. Observe the pictures given below. What kind of professions are being shown. What would happen if they are not there?











### Draw and Colour the pictures

1. Draw the pictures given below. Colour them. Talk about them.



S.C.E.R.T. TELANGANA





## یہ کیجئے :



### تصورات کی تفہیم :


1. خاندان کے بڑے لوگ کیوں کام کرتے ہیں ؟
2. ایسے کاموں کی دومثالیں دیجئے جس میں خاندان کے تمام افراد مشترکہ طور پر کام کرتے ہیں۔
3. ذیل میں دیئے گئے ایسے کاموں کے اطراف دائرہ O لگائیے جن سے آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| پکانا | ٹوکری بننا | گھر کی صفائی |
| مٹی کے برتن بنانا | کپڑے دھونا | پڑھانا |
| برتن صاف کرنا | پھل فروخت کرنا | کھیت کے کام کرنا |
| گیمس کھیلنا | پڑھنا | کپڑے سینا |
| نہانا | کھانا کھانا | دودھ فروخت کرنا |

4. اپنے گاؤں کے لوگوں کے ذریعہ کئے جانے والے مختلف قسم کے کام کون سے ہیں؟
5. ذیل کی تصاویر دیکھئے اور بتائیے کس قسم کے پیشے یہاں بتائے جارہے ہیں؟ اگر یہ نہ ہوتے تو کیا ہوگا؟








### تصویر اُتار کر رنگ بھریئے :



1. ذیل کی تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے اور اِس کے متعلق گفتگو کیجئے ۔




S.C.E.R.T. TELANGANA





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23









## Information Skills - Project work

1. Collect the particulars of people doing different kinds of work. Talk about them. Collect their pictures and prepare your own album. Exhibit it in the class.
2. Collect the names of the children, who do not go to school in your place and give the reason for it.
3. Collect the particulars of work done by the parents of your friends. Fill in the table.

| Sl.No. | Name of the friend | Father's profession | Mother's profession |
|---|---|---|---|
| 1. | | | |
| 2. | | | |
| 3. | | | |
| 4. | | | |
| 5. | | | |
| 6. | | | |
| 7. | | | |

S.C.E.R.T. TELANGANA







## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام

1. مختلف قسم کے کام کرنے والوں کی تفصیلات اکٹھا کیجئے۔ ان سے متعلق گفتگو کیجئے۔ اور ان افراد کی تصاویر حاصل کر کے البم تیار کیجئے اور کمرۂ جماعت میں اس کا مظاہرہ کیجئے۔
2. اپنے علاقوں کے بچوں کے نام حاصل کیجئے جو اسکول نہیں جاتے اور اس کی وجہ بتایئے۔
3. اپنے دوستوں سے پوچھ کر ان کے ماں باپ کس پیشہ سے وابستہ ہیں تفصیلات اکٹھا کر کے جدول میں درج کیجئے۔

| | دوست کا نام | والد کا پیشہ | والدہ کا پیشہ |
|---|---|---|---|
| .1 | | | |
| .2 | | | |
| .3 | | | |
| .4 | | | |
| .5 | | | |
| .6 | | | |
| .7 | | | |

S.C.E.R.T. TELANGANA





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23


4. Which of your family members do the following chores (works) together? Tick at proper places.

| Name of the Work | Mother | Father | Myself | Brother | Sister | Grand father | Grand mother |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Cleaning the house | | | | | | | |
| Cooking | | | | | | | |
| Fetching water | | | | | | | |
| Washing clothes | | | | | | | |
| Agricultural works | | | | | | | |
| Bringing vegetables | | | | | | | |
| Bringing provisions from shop | | | | | | | |



### Appreciation

1. There would be people in your village/city who practice different professions. We should respect them. Say and write, what would happen if they don't practice those professions.



### Ask a Question

1. Sivaiah visited the blacksmith and the potter of his village and enquired about their professions. List out the questions he wants to ask during his enquiry.



### I can do these



1. I can explain the need for working together by the family members. Yes/No
2 I can prepare a table and explain the types of work done jointly and individually in a family. Yes/No
3. I can write the professions of the parents of my friends in a table. Yes/No
4. I understand that all children must go to school. If I come across any child labourer, I would ask him / her to join the school. Yes/No
5. I can draw the pictures of some of the tools used for working. Yes/No
6. I can meet and question the people about their professions. Yes/No

S.C.E.R.T. TELANGANA





4. آپ کے گھر میں ذیل کے کام کون کون مل کر کرتے ہیں صحیح کا نشان ( ✓ ) لگائیے۔

| کام کا نام | ماں | باپ | خود | بھائی | بہن | دادا | دادی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھر کی صفائی | | | | | | | |
| پکانا | | | | | | | |
| پانی لانا | | | | | | | |
| کپڑے دھونا | | | | | | | |
| کھیت کے کام | | | | | | | |
| ترکاری لانا | | | | | | | |
| دوکان سودا لانا | | | | | | | |



## توصیف :

1. اپنے گاؤں/شہر میں مختلف پیشہ ور افراد موجود ہوں گے۔ ان کا احترام کرنا چاہئے اگر وہ اپنے پیشہ انجام نہ دیں تو کیا ہوگا کہئیے اور لکھئے؟



## سوال کیجئے :

1. شاکرا اپنے گاؤں کے لوہار اور کمہار کے پاس گیا اور ان کے پیشوں سے متعلق معلومات حاصل کیا۔ دوران ملاقات اس نے کیا سوالات کئے ہوں گے۔ فہرست تیار کیجیے۔



## میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں ؟



1. میں افراد خاندان مل جل کر کام کرنے کی ضرورت کے بارے میں بتلاسکتا ہوں/سکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
2. میں خاندان میں مشترکہ طور پر کون سے کام کئے جاتے ہیں اور انفرادی طور پر کون سے کام کئے جاتے ہیں، جدول کی مدد سے وضاحت کرسکتا ہوں/کرسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
3. میں اپنے، دوستوں کے ماں باپ کے پیشے سے متعلق جدول تیار کرسکتا ہوں/کرسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
4. اگر کسی بچہ مزدور کا مجھ سے سامنا ہوتا ہے تو میں اسکو اسکول میں شریک ہونے کے لیے کہہ سکتا ہوں ہاں/نہیں
5. میں کام کے لیے استعمال کئے جانے والے بعض اوزار/اشیاء کی تصاویر اُتار سکتا ہوں/سکتی ہوں ہاں/نہیں
6. میں مختلف افراد سے مل کر اُن کے پیشے سے متعلق معلومات حاصل کرسکتا ہوں/کرسکتی ہوں ہاں/نہیں





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

S.C.E.R.T. TELANGANA

# 3. LET US PLAY



Mastan, Rahim, Latha, Kamala, Johny and Giri went to the play ground. Many children were there. They were playing different games. Shall we see what games are they playing?

F1G3P4

SCERT TELANGANA



- Write the names of the games being played by the children in the above picture.
- Do you also play the same games? Write the names of any other games you play.
- Everybody loves to play games. Why should we play games?

# 3-آؤ کھیلیں



مستان، رحیم، رضیہ، عرشیہ، کملا، جان اور احمد کھیلنے کے لئے میدان گئے۔ وہاں اور بھی کئی بچے موجود تھے۔ وہ مختلف کھیل کھیل رہے تھے۔ آیئے دیکھیں وہ کیا کھیل کھیل رہے ہیں۔



S.C.E.R.T. TELANGANA

- تصویر میں موجود بچوں کے ذریعہ کھیلے جانے والے کھیلوں کے نام لکھیئے۔
- کیا آپ بھی یہی کھیل کھیلتے ہیں؟ آپ دیگر کونسے کھیل کھیلتے ہیں؟ ان کے نام لکھئے۔
- کھیل ہر ایک کو پسند ہوتے ہیں! بتایئے ہمیں کھیل کیوں کھیلنا چاہیئے ؟





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23



## Types of games

Giri played many games with his sisters at home on Sunday. Mastan played many games with his friends in the play ground.

What games Giri might have played at home? What games Mastan might have played in the play ground? Discuss in groups and fill in the table.

| Games played at home | Games played in the ground or outside |
|---|---|
| | |



You have prepared the table of games played in the house and on the play ground. Did your parents and grandparents play the same games during their childhood? What games did they play? Find out and write.

| Games you play at present | Games played by grandparents/ parents in their childhood |
|---|---|
| | |

- Among the games played by your parents and grandparents during their childhood, which games do you play now and which you don't?

S.C.E.R.T. TELANGANA







# کھیلوں کے اقسام

احمد اتوار کے دن اپنی بہن کے ہمراہ گھر پر مختلف کھیل کھیلتا ہے۔مستان نے اپنے دوستوں کے ساتھ میدان میں مختلف کھیل کھیلتا ہے۔

احمد نے اپنے گھر پر کونسے کھیل کھیلے ہوں گے؟ مستان نے میدان میں کونسے کھیل کھیلے ہوں گے؟ گروہی طور پر مباحثہ کیجئے اور نیچے خانوں میں درج کیجئے ۔

| گھر میں کھیلے جانے والے کھیل | میدان میں کھیلے جانے والے کھیل |
|---|---|
| | |



گھر اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیلوں کی فہرست آپ تیار کر چکے ہیں! کیا آپ کے ماں باپ، دادا' نانا وغیرہ بھی اپنے بچپن میں یہی کھیل کھیلا کرتے تھے؟ وہ کونسے کھیل کھیلتے تھے؟ معلومات حاصل کیجئے اور لکھئے ۔

| کھیل جو آپ کھیلتے ہیں | کھیل جو آپ کے دادا، دادی نانا، نانی اپنے بچپن میں کھیلا کرتے تھے |
|---|---|
| | |

- آپ کے ماں باپ دادا، دادی، نانا، نانی اپنے بچپن میں جو کھیل کھیلا کرتے تھے ان کھیلوں میں سے آپ کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کون سے نہیں؟



S.C.E.R.T. TELANGANA








یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

Observe the pictures given below. List out the sports material required to play these games. Where do we play them? The house or in the ground? Fill in the table.

| Games | Material required | Where the game is played |
|---|---|---|
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |

S.C.E.R.T. TELANGANA

ذیل میں دی گئی مختلف کھیلوں کی تصویریں دیکھئے۔ ان کھیلوں کے لئے ضروری اشیا کی فہرست بنائیے۔ بتائیے کہ ہم یہ کھیل کہاں کھیلتے ہیں؟ گھر پر؟ یا باہر؟ ذیل کے جدول میں درج کیجئے :

| کھیل | کھیل کے لیے درکار اشیاء |  کہاں کھیلتے ہیں  |
|---|---|---|
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |
|  | | |

S.C.E.R.T. TELANGANA




## Different types of games

You play different games. Some of those are played by a single person and some are played in groups. Some games require more number of players. Discuss in groups and write down the details of these games in the table below.

| Games played individually | Games played in pairs | Games played in groups |
|---|---|---|
| | | |

## Sports equipment / Games material



Nikhil, Swetha, Salma, Mary, Sankalp and Ajit went to play cricket in the evening. They took bat, ball and wickets along with them. We need material to play certain games. Some games do not require any material. For example "hide and seek" doesn't require any material.

Fill in the table with the names of the games which require or do not require games material.

| Games which do not require material | Games which require material |
|---|---|
| | |

S.C.E.R.T. TELANGANA








## مختلف اقسام کے کھیل :

آپ مختلف قسم کے کھیل کھیلتے ہیں! ان میں بعض کھیل اکیلے ہی کھیلے جاتے ہیں اور بعض گروہی طور پر کھیلے جاتے ہیں۔ چند کھیل کھیلنے کے لیے زیادہ کھلاڑیوں کی ضرورت ہوتی ہے اس طرح کے کھیلوں کے بارے میں گروہی طور پر مباحثہ کیجئے اور تفصیلات ذیل میں درج کیجئے۔

| انفرادی طور پر کھیلے جانے والے کھیل | جوڑیوں میں کھیلے جانے والے کھیل | گروہی طور پر کھیلے جانے والے کھیل |
|---|---|---|
| | | |

کھیل کی اشیاء :



اکبر، انور، ذاکر، احمد، خلیل اور ماجد شام کے وقت کرکٹ کھیلنے گئے ۔ وہ بیاٹ، بال، وکٹ اپنے ساتھ لے گئے۔ بعض کھیلوں کے لیے ہمیں کھیل کی اشیا کی ضرورت ہوتی ہے اُسی طرح بعض کھیلوں کے لئے نہیں ہوتی مثلاً چھپا چھپی کا کھیل جسمیں کسی قسم کی اشیاء کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

اس طرح کن کھیلوں کیلئے کھیل کی اشیاء درکار ہوتی ہیں اور کن کھیلوں کے لیے نہیں؟ ذیل کے جدول میں لکھئے۔

| وہ کھیل جن کے لیے کھیل کی اشیاء کی ضرورت نہیں ہوتی | وہ کھیل جن کے لیے کھیل کی اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے |
|---|---|
| | |

S.C.E.R.T. TELANGANA



## Games - Rules

Ramu, Johny, Gopi, Sreenu, Murali, Sridhar, Mumtaz, Peter, Jabbar and Mastan were playing kabaddi. Disputes arose during the play. They argued over the faults committed. Murali, Johny, Mastan left the game and went home saying they won't play.

**Now think ! and say :**

- Why did the children stop playing the game?
- What should be done to avoid disputes during the game? Think ........

### Do You Know?



Certain games are played with the help of animals. Polo is a game where the player riding on a horse, strikes the ball with a long stick called mallet.

All games have rules. We should play games according to the rules. Rules shouldn't be ignored. Games should be played without keeping victory or defeat in mind. Playing games every day improves health and friendship. As we have rules in the games, we have rules to keep our body safe. These are called personal body safety rules.

Games competitions were conducted for all the children on the occasion of Children's Day i.e. 14th November. Gopi ran faster than others and won the first prize in the running race. The children and the teachers appreciated Gopi.



- When did you appreciate the children in your school who played well?
- How do you appreciate the winning team?

### Key words

| | |
|---|---|
| 1. types of games | 2. games played in the house |
| 3. games played on the ground | 4. games material |
| 5. rules of games | 6. polo game |
| 7. rules cannot be ignored | 8. running Race |
| 9. victory and defeat | 10. games competitions |
| 11. qualities of players | 12. appreciate |

S.C.E.R.T. TELANGANA



## کھیل ۔ اصول وضوابط :

رحیم، جانی،نوید،سمیع،محمود اور مستان کبڈی کھیل رہے تھے۔کھیل کے دوران وہ آپس میں لڑنے لگے۔دوران کھیل کسی غلطی کی وجہ سے وہ آپس میں بحث کرنے لگے۔ کھیل رُک گیا۔رحیم، جانی اور مستان ناراض ہو کر گھر لوٹ گئے۔

**سوچیے ! اور بولیے:**

- بچوں نے کھیل کو درمیان میں کیوں روک دیا۔
- کھیلوں میں لڑائی جھگڑا نہ ہو اس کے لیے کیا کرنا چاہئے؟ غور کیجئے ؟

**کیا آپ جانتے ہیں ؟**



چند کھیل جانوروں کی مدد سے کھیلے جاتے ہیں۔پولو کھیل میں کھلاڑی گھوڑے پر سوار ہو کر گیند کو پولو اسٹک (mallet) سے مارتے ہوئے کھیلتے ہیں۔

سبھی کھیلوں کے اصول وضوابط ہوتے ہیں۔کھیلوں کے ضوابط کے مطابق ہمیں کھیلنا چاہئے۔ اصولوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے؟ کھیل کے میدان پر جس طرح کے اصول ہوتے ہیں،اسی طرح ہمارے جسم کو محفوظ رکھنے کے بھی اصول ہوتے ہیں۔انہیں شخصی جسمانی تحفظ کے اصول کہا جاتا ہے اصولوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ ہار جیت کو ذہن میں رکھے بغیر کھیلنا چاہیے۔روزانہ کھیلنے سے صحت اچھی رہتی ہے اور دوستی بڑھتی ہے۔



یوم اطفال 14 نومبر کے موقع پر تمام بچوں کے لیے کھیل کے مقابلے منعقد کئے گئے تھے۔دوڑ میں رحیم نے سب سے تیز دوڑ لگا کر پہلا انعام حاصل کیا۔ اسکول کے اساتذہ اور بچوں نے رحیم کی ستائش کی۔

☆ آپ کے اسکول میں اچھا کھیلنے والے بچوں کی ستائش آپ کیسے کروگے۔

☆ جیتنے والی ٹیم کی ستائش آپ کیسے کروگے؟

## کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1. کھیل کے اقسام | 2. گھر میں کھیلے جانے والے کھیل | 3. میدان میں کھیلے جانے والے کھیل |
| 4. کھیل کی اشیاء | 5. کھیلوں کے اصول | 6. پولو کھیل |
| 7. اصولوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے | 8. دوڑ کا مقابلہ | 9. ہار اور جیت |
| 10. کھیلوں کے مقابلے | 11. کھلاڑیوں کی خصوصیات | 12. قدردانی |

S.C.E.R.T. TELANGANA






یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

## What have we learnt?

- When we play games we feel happy, and it also improves our health and strengthens friendship.
- There are different types of games - Games played individually, in pairs in groups, indoor games and outdoor games.
- Over a period of time many changes have come in the kind of games being played. Now a days many new games are played.
- Certain games require games material and the others do not.
- We should accept victory and defeat equally.
- Games should be played according to rules and also taking care of personal body safety rules.

## DO THESE





### Conceptual Understanding

1. Why should we play games?
2. Name some games which are played with a ball.
3. Say and write the differences between the Kho-Kho and Cricket.
4. Which games do you play at home? When do you play them?
5. Which games do you play on the play ground? When do you play them?
6. Why do we play the games like Cricket and Kho-Kho as outdoor game?
7. What do you mean by personal body safety rules?

P2K3W3



### Information Skills - Project work

1. Ask your friends about the games they like? Fill in the table with the details.

| Sl.No. | Friends Name | Games liked |
|---|---|---|
| 1. | | |
| 2. | | |
| 3. | | |
| 4. | | |

Which games are liked by most of your friends?

2. Collect the pictures of different games from news papers. Paste them in a scrap book. Name them. Write down the material required to play those games.

S.C.E.R.T. TELANGANA





## ہم نے کیا سیکھا

☆ جب ہم کھیلتے ہیں تو خوشی محسوس کرتے ہیں، جس سے ہماری صحت اچھی رہتی ہے اور دوستانہ تعلقات فروغ پاتے ہیں۔
☆ کھیلوں کے کئی اقسام ہیں انفرادی طور پر کھیلے جانے والے، گروہی طور پر کھیلے جانے والے، گھر میں کھیلے جانے والے، اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیل
☆ ماضی سے آج تک کھیلوں میں بہت ساری تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ آج کل کئی ایک نئے کھیل متعارف ہو چکے ہیں۔
☆ بعض کھیلوں کے لیے کھیل کی مخصوص اشیاء درکار ہوتی ہیں اور بعض کے لیے نہیں۔
☆ کھیل میں ہار جیت کو مساوی طور پر قبول کیا جانا چاہئے۔
☆ کھیل اصولوں کے مطابق کھیلنا چاہیے اور ساتھ ہی ساتھ شخصی جسمانی تحفظ کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

## یہ کیجئے :





### تصورات کی تفہیم :

1. ہمیں کھیل کیوں کھیلنا چاہئے ؟
2. گیند سے کھیلے جانے والے چند کھیلوں کے نام لکھئے ؟
3. کھو۔کھو اور کرکٹ کے درمیان فرق بتلائیے اور لکھئے۔
4. آپ گھر میں کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کب کھیلتے ہیں ؟
5. آپ میدان میں کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کب کھیلتے ہیں ؟
6. کرکٹ، کھو۔کھو جیسے کھیلوں کو ہم میدان میں کھیلے جانے والے (آؤٹ ڈور) کھیلوں کے طور پر کیوں کھیلتے ہیں؟
7. شخصی جسمانی تحفظ کے اصولوں سے کیا مراد ہے؟

### معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام



1. اپنی جماعت کے ساتھیوں سے پوچھئے کہ اُنہیں کونسے کھیل پسند ہیں ؟ ان کی تفصیلات دیئے گئے جدول میں درج کیجئے ۔ اکثر دوست کونسے کھیل پسند کرتے ہیں؟

| سلسلہ نشان | دوست کا نام | پسندیدہ کھیل |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |

2. مختلف کھیلوں کی تصاویر اخبارات سے حاصل کرکے اِسکراپ بک (Scrap Book) میں چسپاں کیجئے۔
ان کھیلوں کے نام لکھئے اور ان کے لیے جن اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے اُن کے نام لکھئے ؟


S.C.E.R.T. TELANGANA




## Draw and colour the pictures

1. Draw and colour the pictures given below in your note book.







## Appreciation

1. Who plays games well in your school? How do you appreciate them when they play well?

2. What should we learn from the winners of the game? What can be learnt from the losers of the game?

## Ask a Question

1. Children were playing Kabaddi in the play ground. Disputes arose during the play. Teacher came just then. What might the teacher have asked them? What might the children have replied? If you were there, what questions would you have asked?

## I can do these


| | | |
|---|---|---|
| 1. | I can explain about different games. | Yes/No |
| 2. | I can classify the games into indoor and outdoor games. | Yes/No |
| 3. | I can collect and tabulate the particulars of the games liked by people. | Yes/No |
| 4. | I can draw the pictures of materials used to play games. | Yes/No |
| 5. | I can ask questions about the games. | Yes/No |

S.C.E.R.T. TELANGANA



## تصویر اُتاریئے ۔ رنگ بھریے :

1.ذیل کی تصاویر اپنی بیاضوں میں اُتاریے اور رنگ بھریے :





## توصیف

1. آپ کے اسکول میں اچھا کھیلنے والے کون ہیں ؟ جب کبھی وہ اچھا کھیلتے ہیں تب آپ ان کی ستائش کس طرح کرتے ہیں ؟
2. کھیل میں جیتنے والوں کو دیکھ کر ہمیں کیا سبق حاصل کرنا چاہیے؟ اُسی طرح ہارنے والوں کو دیکھ کر ہمیں کیا سیکھنا چاہیے ؟



## سوال کیجیے :

1. بچے میدان میں کبڈی کھیل رہے ہیں۔کھیل کے دوران جھگڑا شروع ہوا۔اُسی وقت معلم آ گئے ۔معلم نے اُن سے کیا سوال کیا ہوگا ؟ بچوں نے کیا جواب دیا ہوگا ؟اگر آپ اس وقت وہاں ہوتے تو کیا سوال کرتے؟





## میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

1.میں مختلف کھیلوں کے بارے میں وضاحت کرسکتا ہوں/سکتی ہوں ہاں/نہیں
2.میں گھر میں کھیلے جانے والے اور باہر کھیلے جانے والے کھیل کون سے ہیں درجہ بندی کرسکتا ہوں/سکتی ہوں ہاں/نہیں
3.میں لوگوں کو کون سے کھیل پسند ہیں معلومات اِکٹھا کرسکتا ہوں اور اس سے متعلق جدول تیار کرسکتا ہوں/سکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
4.میں کھیلوں میں استعمال ہونے والی اشیاء کی تصاویر اُتار سکتا ہوں/سکتی ہوں ہاں/نہیں
5.میں کھیلوں سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں/سکتی ہوں ہاں/نہیں

S.C.E.R.T. TELANGANA






یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2022-23

# 4. SHELTERS OF ANIMALS



